Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۳ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳۰ جمادی الاولیٰ ۱۳۵۹ھ مطابق ۶ جولائی ۱۹۴۰ء جلد ۵۳

حصہ اوّل

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری تجویز توسیع حدود میونسپلٹی برائے وصول محصول چنگی۔	۲ و ۳
۲	منظوری استعفا رسالدار بنگی رام ڈپٹی انسپکٹر رامپور روہیلہ لانسرز و تقرر بجائش ڈاکٹر الطاف حسین خاں	۳
۳	منظوری تقرر ڈاکٹر محمد حنیف بجائے رینک آنریری صوبہ دار بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن بصیغہ ملٹری ہاسپٹل	۴
۴	توسیع مدت ملازمت عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر	۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

(سرسری) ۱۰ جون ۱۹۳۳ء

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے حسب صراحت
مرسلہ اشت عالیجاہ عزت صاحب چیف منسٹر بہادر
بہ تنسیخ احکام سابقہ زیر دفعہ ۱۹۱ (الف) قانون
میونسپلٹی رامپور ۱۹۳۳ء تجویز توسیع حدود
میونسپلٹی کی منظوری دیجاتی ہے یہ توسیع صرف
محصول چنگی وصول کرنے کے لئے کیجارہی ہے
توسیع رقبہ میونسپلٹی سے اس کا تعلق نہ ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض　　　　　　　　میر ساند

جناب عالی

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء
میں عالیجاہ عزت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج میونسپلٹی
کی تجویز جس میں خلاصہ پیش ہوئی کہ میونسپلٹی رامپور کے
اغراض و مقاصد کو بطریق احسن پورا کرنے کے لئے
تعین حدود چنگی کا سوال نہایت اہم ہے اس مسئلہ کو
میونسپل بورڈ پہلے بھی اٹھا چکا ہے لیکن بوجوہ چند
اسکی استدعا منظور نہ ہوسکی اس کے بعد ممبران میونسپل
بورڈ نے بذریعہ ایڈریس حضور معلی میں توسیع

حدود چنگی کی بابت عرض کیا جس کا جواب
بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے تشخیص
مرحمت فرمایا تھا اس سلسلہ میں یہ امر بھی قابل گذارش
ہے کہ جس نوٹیفکیشن کے ذریعہ حدود چنگی حسب
ذیل قائم کی گئی تھیں وہ ۱۹۰۱ء کا ہے
اور اس نوٹیفکیشن کی تجدید ۱۹۳۳ء ۱۹۳۲ء
میں بھی ہوئی ہے:—

حدود چنگی ریاست رامپور منظور شدہ اجلاس ہمایوں
بتاریخ ۲۰ فروری ۱۹۰۴ء

حد شرقی	حد غربی
سڑک بلاسپور ریلوے ٹیشن	سڑک از پل جنوب آہنی کوسی
تا مال گودام	تا مال گودام

حد جنوبی	حد شمالی
سڑک از پل آہنی کوسی	سڑک از مینڈھیا تا نالہ
تا مال گودام	سڑک بلاسپور۔

چونکہ بستی کے قطع ہوجانے کے بعد بمجان مال تجارت
آسانی سے بغیر محصول دیئے ہوئے اندرون حدود
میونسپلٹی مال لاسکتے ہیں اور لاتے ہیں اس کے علاوہ
باوجودیکہ دوکانات اسٹیشن سے جو جنوبی سرا ہے
روڈ پر واقع ہے چنگی لی جاتی ہے مگر سڑک کی دوسری
جانب کی دوکانات سے چنگی نہیں لیجاتی۔ ان تمام
امور پر غور کرتے ہوئے تجویز ہے کہ بہ تنسیخ احکام سابقہ

زیر دفعہ ۱۹۱ (الف) قانون میونسپلٹی رامپور سنہ ۱۹۳۳ء مندرجہ ذیل حدود میونسپلٹی مقرر فرمائی جائیں۔ یہ توسیع صرف محصول چونگی وصول کرنے کی جاری ہے دیگر متعلق توسیع رقبہ میونسپلٹی سے نہیں ہے۔

حد جنوبی۔ از پل آہنی کوسی بسلسلہ تا حد بندی سمت شمال ریلوے لائن ای۔آئی۔آر و حدود شمالی ریلوے ای۔آئی۔آر تا پل گنڈہ نالہ متصل مالگودام بکراسنگ پلی مرادآباد ٹرنک روڈ کل قیمتی اور پختہ سڑک شامل ہے۔

حد شرقی۔ سڑک از میلان بریلی مرادآباد ٹرنک روڈ و پیش چند تو گر فیکٹری و گوشہ جنوبی دیوار حصہ تو گر فیکٹری دیوار ہائے جنوبی و غربی و شمالی حصہ گو فیکٹری و سڑک زیریں لائٹ ریلوے و سلسلہ باڑ درختان سمت شرقی و احاطہ تھانہ حوالی شہر و سلسلہ درختان متعلقہ سڑک شرقی احاطہ سمت غربی کارخانہ آٹا و چمڑا سازی موضع طاشکند و سلسلہ باڑ درختان سمت شرقی و آبادی موضع طاشکند حد سمت غربی و کراسنگ کیمری روڈ و باڑہ باغ حد غربی باغ باقر علی خاں صاحب و آبادی موضع بمن پوری حصہ غربی و سلسلہ باڑ درختان متعلقہ سڑک حد شرقی و باڑ باغ مقبرہ مہدی علی خاں صاحب مرحوم و کراسنگ سڑک بلاسپور روڈ بر کراسنگ سمت غربی زیر لائٹ ریلوے تو گر فیکٹری تا گوشہ باغ منشی شرف الدین خاں مرحوم سمت جنوبی و غربی و احاطہ قبرستان عیدگاہ دروازہ سمت شرقی۔

حد شمالی۔ از گوشہ باغ سمت جنوبی و غربی باغ منشی شرف الدین خاں مرحوم و احاطہ قبرستان سمت شرقی و کراسنگ سڑک موضع بسنتی و احاطہ تعبوڑا ب فیض اللہ خاں بہادر و سلسلہ شندی سڑک تا بند گول نہر آسی پینٹیلر روڈ۔ حد غربی از سلسلہ بند گول نہر کوسی پینٹیلر روڈ تا پل آہنی کوسی۔

کونسل نے جلسہ مذکور میں یہ تجویز معروضہ بالا سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا ارتجواز مستدعی ہے کہ پیشگاہ عالی سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

ترقیم روبکار سیکرٹری عالیہ مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۴۷ء

حکم:- (منظوری) ۲۸ جون سنہ ۱۹۴۷ء

مزید عرضداشت عالیمرتبت صاحب چیف کانفیڈنشل سکریٹری بہادر ریاست بابت منظوری استعفاء رسالدار نجکی رام ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ رامپور رہیلا لانسرز بعوض اسکے و تقرر ڈاکٹر الطاف حسین خاں اسسٹنٹ ڈپٹی سرجن ساکن رامپور بعہدہ رسالدار رامپور رہیلا لانسرز بقید معاوضہ روپیہ بجائے مستعفی مذکور۔

حکم

بموجب رپورٹ رسالدار نجکی رام ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ رامپور رہیلا لانسرز کا استعفیٰ منظور ہے۔ اسی جگہ پر ڈاکٹر الطاف حسین خاں اسسٹنٹ ڈپٹی سرجن ساکن رامپور کا تقرر بعہدہ رسالدار بہ تنخواہ ماہوار ... منظور کیا جاتا ہے۔ سررشتہ متعلقہ احکام ضابطہ جاری کرے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- (منظوری) یکم جولائی سنہ ۴۰ء

بموجب رپورٹ - ڈاکٹر محمد حنیف کو بعطائے رینک آنریری صوبہ دار بتنخواہ ایک سو روپیہ ماہوار ملٹری ہاسپٹل میں بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن مقرر کیا جانا منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بجز عرض نمیرساند

جناب عالی

لفٹنٹ ڈاکٹر حفیظ الرحمن صاحب میڈیکل آفیسر رامپور اسٹیٹ فورسیز فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کے ہمراہ وار سروس پر جائیں گے ان کی عدم موجودگی میں شفاخانہ فوجی کے کام کے لئے ایک سب اسسٹنٹ سرجن کی ضرورت ہے۔

حسب اتفاق میڈیکل فنانس وار سپلائیز بجٹ میں اس جگہ کے لئے سو روپیہ ماہوار کا انتظام کر لیا گیا ہے عالیمرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر نے درخواست گذار جمعدار محمد حنیف سابق آئی۔ ایم۔ ڈی۔ کو موزوں پایا ہے اور سفارش کی ہے کہ انکو جلد از جلد ملازم رکھ لیا جائے تاکہ موجودہ ڈاکٹر صاحب کے ساتھ کام کر کے امور ضروری سے کما حقہ واقف ہو جائیں۔

بنابریں ترقیم آ مستدعی ہے کہ ڈاکٹر محمد حنیف صاحب کو بعطائے رینک آنریری صوبیدار بمشاہرہ سو روپیہ ماہوار رامپور ملٹری ہاسپٹل میں بعہدہ سب اسسٹنٹ سرجن رکھے جانیکی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضے

ترقیم آ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ ملٹری سکریٹری بہادر مورخہ ۲۹ جون سنہ ۴۰ء

حکم:- (منظوری) ۲ جولائی سنہ ۴۰ء

بموجب رپورٹ عالی مرتبت صاحبزادہ عبدالجلیل خاں بہادر ہوم ممبر کی مدت ملازمت میں تاریخ ختم مدت سے بشرائط موجودہ ایکسال کی توسیع منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بجز عرض نمیرساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحبزادہ عبدالجلیل خان صاحب بہادر ہوم ممبر کی مدت ملازمت میں ایکسال کی توسیع بحکم اجلاس ہمایوں مصدرہ ۲۴ جون سنہ ۱۹۳۹ء منظور فرمائی گئی تھی یہ مدت ملازمت نومبر سنہ ۱۹۴۰ء میں ختم ہو جائیگی حسب ایماء ہمایوں گورنمنٹ سے ایکسال کی مزید توسیع کے بارہ میں مراسلت کیگئی تھی گورنمنٹ نے بشرائط موجودہ ایک سال کی توسیع تاریخ ختم مدت سے منظور کر لی ہے۔ لہذا ترقیم آ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت اقبال بر ترقی باد۔

عرضے

ترقیم آ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۸ جون سنہ ۴۰ء